## سبق-12

# ہمارے جانور


آپ نے طرح طرح کے جانور دیکھے ہوں گے۔ کچھ جانور گھروں میں پالے جاتے ہیں جنھیں ہم پالتو جانور کہتے ہیں۔ کچھ جنگل میں رہتے ہیں اور وہ جنگلی جانور کہلاتے ہیں۔ پالتو جانوروں میں گائے، بَیل، بھینس، بھیڑ، بکری، اُونٹ، گھوڑا، گدھا، کُتّا اور بِلّی وغیرہ شامل ہیں۔ گائے، بھینس اور بکری سے



© NCERT not to be republished

ہمیں دُودھ ملتا ہے اور بھیڑوں سے اُون۔ دُودھ سے مکّھن اور گھی بنایا جاتا ہے اوراُون سے گرم کپڑے۔ جانوروں کے گوبر کی کھاد کھیتوں میں کام آتی ہے۔ گھوڑے، گدھے اور اُونٹ سواری کرنے اور بوجھ ڈھونے کے کام آتے ہیں۔ بَیل سے کھیت جوتنے اور بَیل گاڑی کھینچنے کا کام لیا جاتا ہے۔ اب اِن کا چلن کم ہوتا جارہا ہے۔

جنگل میں چھوٹے بڑے ہر طرح کے جانور ہوتے ہیں۔ چھوٹے جانوروں میں خرگوش، گیدڑ، لومڑی، بندر اور ہِرن وغیرہ ہیں۔ بڑے جانوروں میں ہاتھی، ژِراف، نِیل گائے اور زیبرا ہیں۔ ان کے علاوہ شیر، چیتا، لکڑ بگھا، بھیڑیا اور بھالو بھی ہیں جو درندے کہلاتے ہیں۔ یہ گوشت خور ہوتے ہیں۔



بعض جانور گھاس پھوس، پتّے اور پَودے کھاتے ہیں۔مثلاً ہاتھی، زِراف، گینڈا، زیبرا،نیل گائے، بارہ سنگھا، ہرن اور خرگوش وغیرہ۔ ان کے علاوہ کچھ جانور پانی میں بھی رہتے ہیں۔ جیسے مچھلی، مگرمچھ، کچھوا وغیرہ۔ انھیں آبی جانور کہتے ہیں۔ یہ سارے جانور ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں۔ان کی حفاظت کرنا ہماری ذمّے داری ہے۔



© NCERT not to be republished

# مشق



## پڑھیے اور سمجھیے۔

| | | |
|---|---|---|
| چلَن | : | رواج |
| بعض | : | کچھ |
| گوشت خور | : | گوشت کھانے والے |
| آبی جانور | : | پانی میں رہنے والے جانور |
| سرمایہ | : | دولت، پونجی |



## ان سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. پالتو جانور کسے کہتے ہیں؟
2. دودھ ہمیں کن جانوروں سے ملتا ہے؟
3. گوبر کی کھاد ہمارے کس کام آتی ہے؟
4. پانی میں کون کون سے جانور رہتے ہیں؟
5. بوجھ ڈھونے والے جانور کون کون سے ہیں؟

© NCERT not to be republished




خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے ۔

جانور　　پانی　　گھی　　سرمایہ　　جوتنے


1. دودھ سے مکھّن اور ______ بنایا جاتا ہے۔
2. بَیل سے کھیت ______ کا کام لیا جاتا ہے۔
3. جنگل میں چھوٹے بڑے ہر طرح کے ______ ہوتے ہیں۔
4. اِن کے علاوہ کچھ جانور ______ میں بھی رہتے ہیں۔
5. یہ سارے جانور ہمارا قیمتی ______ ہیں۔



دیے ہوئے جملوں کے سامنے صحیح (✓) یا غلط (×) کا نشان لگایئے۔


1.  جنگلی جانور ہے۔ (　)


2.  پالتو جانور نہیں ہے۔ (　)

3.  زمین پر رہتی ہے۔ (　)

© NCERT not to be republished

4.  بوجھ ڈھونے کے کام آتا ہے۔ (   )

5.  سے ہمیں اوُن ملتا ہے۔ (   )

6.  گوشت خور جانور ہے۔ (   )



مثال دیکھ کر نیچے دیے ہوئے لفظوں میں 'ےں' ملا کر لکھیے۔

مثال : بھیڑ = بھیڑیں

کرن = ................        کتاب = ................

سڑک = ................        چیز = ................

بھینس = ................        کھاد = ................

© NCERT not to be republished



نیچے دیے ہوئے حروف سے بننے والے دو دو لفظ لکھیے۔

1. | ن | ر | ہ | = ............ ...............
2. | ت | ر | ا | = ............ ...............
3. | ر | گ | م | = ............ ...............
4. | ب | ل | ے | = ............ ...............



دیے ہوئے خانوں کے مطابق تین تین نام لکھیے۔

| پالتو جانور | جنگلی جانور | آبی جانور |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |



سوچیے اور بتائیے۔

1. جنگل کا راجا کس جانور کو کہا جاتا ہے؟
2. ایسے جانوروں کے نام بتائیے جن کا ذکر اس سبق میں نہ آیا ہو۔

© NCERT not to be republished

3. کن جانوروں کے سینگ نہیں ہوتے ہیں؟

4. پالتو جانوروں سے کیا کیا فائدے ہیں؟

5. مکّھن اور گھی کے علاوہ دودھ سے اور کیا کیا چیزیں بنتی ہیں؟




نیچے دیے ہوئے جانوروں کے نام لکھیے۔



________



________




________




________

© NCERT not to be republished



______



______



خوش خط لکھیے۔


| | |
|---|---|
| بارہ سنگھا | ______ ______ ______ ______ ______ |
| بھیڑیا | ______ ______ ______ ______ ______ |
| ژراف | ______ ______ ______ ______ ______ |
| گینڈا | ______ ______ ______ ______ ______ |
| مگرمچھ | ______ ______ ______ ______ ______ |

© NCERT not to be republished

استاد طلبا سے آپس میں بات چیت کرنے کو کہیں کہ ان کے محلّے میں کون کون سے جانور رہتے ہیں؟

نیچے دیے ہوئے جانوروں کی تصویریں چارٹ پر بنائیے اور ان کے نام لکھیے۔














© NCERT not to be republished